پریس ریلیز

گوجرانوالہ 25 مئی 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس میں اخوت فاؤنڈیشن کے تعاون سے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور قیادت کو فروغ دینے کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا جبکہ صدر گوجرانوالہ چیمبر ضیاء الحق شیخ فیصل ایوب نے بطور مہمان خصوصی سیمینار میں شرکت کی۔ سیمینار میں ڈاکٹر اظہار الحق ہاشمی، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی گوجرانوالہ چیمبر خلیق احمد منہاس، ڈاکٹر زین بھٹی، چوہدری رضوان کے علاوہ طلباء وطالبات کی کثیر تعداد شرکت کی۔ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں بڑھتے ہوئے مسائل نے پوری قوم کو پریشان کر رکھا ہے ستم ظریفی کی بات یہ ہے کہ ان مسائل کا شکار ہماری نوجوان نسل بھی ہو رہی ہے جو ہمارے معاشرے کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ ریاست سمیت ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اپنی نوجوان نسل کے اندر پائی جانیوالی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں تاکہ ملک کا قیمتی سرمایہ ہمارے ملک کیلیئے بہترین کردار ادا کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کی اس تقریب میں نوجوان لڑکے لڑکیوں کی کافی تعداد ہے میں کہنا چاہوں گا کہ آپ اپنے اندر موجود صلاحیتوں پر بھروسہ کریں، محنت اور لگن سے کام کریں اور کبھی ہار نہ مانیں۔ آپ ہی وہ لوگ ہیں جو اس ملک کا مستقبل سنوار سکتے ہیں۔ ہمیں آپ پر بہت سی امیدیں وابستہ ہیں ہم آپ کے ساتھ ہیں اور آپ کی کامیابی کیلیئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انہوں نے اخوت فاؤنڈیشن کے کردار پر بھی مختصر بات کرتے ہوئے کہا کہ اخوت فاؤنڈیشن اپنے شاندار کردار سے ملک سے غربت کے خاتمے کیلیئے بہترین کوشش کر رہی ہے۔ ان شاندار کاوشوں کو ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اخوت فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کے جذبے کو جاری رکھیں گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس آپ کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔